# علاقائی خبریں

02 جولائی 2026

1:10 P.M.

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شوراج سنگھ چوہان نے اج اندھر پردیش کے تروپتی ضلع سے وکست بھارت روزگار اور روزی روٹی مشن دیہی وی بی جی رام جی کا باضابطہ اغاز کیا ۔ ریاست کے نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ پریاگ راج ضلع سے آن لائن پروگرام میں شامل ہوئے۔ وی بی جی رام جی گارنٹی ایکٹ 2025 کل سے پورے ملک میں نافذ ہو گیا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت، اہل دیہی خاندانوں کو اب 125 دن کی ضمانت شدہ اجرت ملازمت کا قانونی حق ملے گا۔ حکومت نے وی بی جی رام جی ایکٹ 2025 کے تحت تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لیے معاوضے کی نظر ثانی شدہ شرحوں کا بھی نوٹیفکیشن کیا ہے

..............................................

وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر صدارت مرکزی کابینہ نے کل اتر پردیش میں قومی شاہراہ نمبر 34 کے تقریباً 118 کلو میٹر طویل ایکسس کنٹرولڈ کانپور- کبرائی سیکشن کی تعمیر کو منظوری دی۔ کابینہ کے فیصلے پر میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی وشنو نے بتایا کہ اس پروجیکٹ کی تخمینہ لاگت 7,145 کروڑ روپے ہے-

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے اس فیصلے کے لیے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھوپال-کانپور اکنامک کاریڈور کا یہ اہم پروجیکٹ پی ایم گتی شکتی نیشنل ماسٹر پلان کے مطابق بندیل کھنڈ ایکسپریس وے اور کانپور رنگ روڈ کو بغیر کسی رکاوٹ کے رابطہ فراہم کرے گا۔

.........................................

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے کل سہارنپور میں 613 کروڑ روپے سے زیادہ کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں سہارنپور کو فضائی رابطہ سے جوڑا جائے گا جس سے اس کی ترقی میں مزید تیزی آئے گی۔

قبل ازیں وزیر اعلیٰ نے سہارنپور کے ہائیر پرائمری کمپوزٹ اسکول اسماعیل پور سے ریاست گیر "اسکول چلو" مہم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ‘‘اسکول چلو’’ مہم کو عوامی تحریک بنانے کی اپیل کی۔

बाइट.....

.........................................

نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک نے کل لکھنؤ سے ریاست گیر متعدی بیماری پر قابو پانے کی مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے آگاہی ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس کے ساتھ انہوں نے دستک مہم کا بھی آغاز کیا جو 11 سے 31 جولائی تک چلائی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس مہم کی کامیابی کے لیے حکومتی کوششوں کے ساتھ ساتھ عوام کی شرکت بھی ضروری ہے۔ کل ریاست کے تقریباً سبھی اضلاع بشمول وارانسی، گورکھپور، چندولی، دیوریا اور امبیڈکر نگر میں عوامی بیداری ریلیاں نکال کر لوگوں کو متعدی بیماریوں سے بچاؤ کا پیغام دیا گیا۔

.........................................

اتر پردیش ٹیچر اہلیت ٹیسٹ یو پی ٹی ای ٹی 2026 اج سے چار جولائی تک ریاست کے 60 اضلاع کے 955 امتحانی مراکز پر منعقد کیا جا رہا ہے ۔ پیش ہے ایک رپورٹ ۔

डिस्पैच.....

اس سلسلے میں، شمال مشرقی ریلوے، لکھنؤ ڈویژن آج سے 4 جولائی تک گورکھپور اور لکھنؤ کے درمیان بغیر ریزرویشن والی امتحانی خصوصی دو ٹرینیں چلا رہا ہے۔ اس ٹرین میں 12 بنا ریزرویشن والے ڈبے ہوں گے۔

.............................................

ریاستی حکومت نے ایودھیا کے شری رام مندر میں چندے کے غبن کے الزامات کی جانچ کرنے والی خصوصی تفتیشی ٹیم (ایس آئی ٹی) کو مزید 15 دن کی مہلت دی ہے۔ 15 جون کو تشکیل دی گئی ایس آئی ٹی کو سات دن کے اندر ابتدائی رپورٹ اور 15 دن کے اندر حتمی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی تھی، لیکن آخری تاریخ 30 جون کو ختم ہو گئی۔

.............................................